# اینافائیلیکسس کو پہچانیں اور اس پر ردعمل ظاہر کریں

## مشتبہ یا فعال کھانے کی الرجی کے ردعمل کے لیے

مندرجہ ذیل میں سے کسی کی **شدید علامات**

**پھیپھڑے:** سانس پھولنا، گھرگھراہٹ،، بار بار کھانسی ہونا

**دل:** پیلی یا نیلی جلد، بے ہوشی، نبض کمزور ہونا، چکر آنا

**گلا:** گلے کا تنگ ہونا یا بیٹھنا، سانس لینے یا نگلنے میں دشواری

**منہ:** زبان یا ہونٹوں میں زیادہ سوجن

**جلد:** جسم پر بہت سی چھپاکی، بہت زیادہ سرخی

**غذائی نالی:** بار بار الٹی ہونا، شدید اسہال

**دیگر:** یہ محسوس ہونا کہ کچھ برا ہونے والا ہے، پریشانی، الجھن

یا ایک سے زیادہ **ہلکی علامات**

**ناک:** ناک میں کجھلی ہونا یا بہنا، چھینک آنا

**منہ:** منہ میں کھجلی ہونا

**جلد:** چند چھپاکی، ہلکی کھجلی

**غذائی نالی:** ہلکی متلی یا تکلیف

### 1

## فوری طور پر ایپی نیفرائن کا انجیکشن لگائیں

### 2

## 911 پر کال کریں

ایپی نیفرائن کے ساتھ ایمبولینس کی درخواست کریں۔

### اضافی ادویات پر غور کریں

(ایپی نیفرائن کے بعد):

- اینٹی ہسٹامائین
- انہیلر (برونکوڈیلیٹر) اگر دمہ ہو

### پوزیشن

- شخص کو فلیٹ پوزیشن میں لٹائیں اور پیروں کو اٹھائیں۔
- اگر سانس لینے میں دشواری ہو یا انہیں الٹی ہو رہی ہو تو انہیں بیٹھنے دیں یا پہلو پر لیٹنے دیں۔

### اگلے اقدامات

- اگر علامات میں بہتری نہیں آتی ہے، یا علامات واپس آ جاتی ہیں، تو آخری خوراک کے بعد تقریباً 5 منٹ یا اس سے زیادہ دیر میں ایپی نیفرائن کی مزید خوراکیں دی جا سکتی ہیں۔
- ER میں منتقل کریں اور کم از کم 4 گھنٹے تک وہاں رہیں کیونکہ علامات واپس آ سکتی ہیں۔ ہنگامی رابطوں کو فوراً مطلع کریں۔

**اینٹی ہسٹامائنز پر انحصار نہ کریں۔**
**شبہ ہونے پر ایپی نیفرائن دیں اور 911 پر کال کریں۔**

مہینہ سال، FARE (فوڈ الرجی ریسرچ اینڈ ایجوکیشن) FARE 3000 - اپریل 2023

FARE سے مزید معلومات اور وسائل کے لیے اسکین کریں

FoodAllergy.org/NewToFoodAllergy

FARE